انڈومنٹ پلان

اپنی فیملی کے مستقبل کی پیشگی منصوبہ بندی

Bank Alfalah
The Way Forward

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

انڈومنٹ پلان

انڈومنٹ پلان ہائی ویلیو کی بچت اور سرمایہ کاری پراڈکٹ ہے۔ بچت کی مدت کے درمیان جمع کی گئی رقم کو آپ اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم، شادی، مکان کی خریداری، ریٹائرمنٹ کے بعد ذریعہ آمدن بنانے یا کسی بھی دوسرے مقصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس پلان کو اس انداز سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ بیشتر افراد کی ضروریات پر پورا اترتا ہے۔ اس کا مقصد یقینی بنانا ہے کہ مقررہ مدت کے اختتام پر آپ کو ایک معقول رقم دستیاب ہو جبکہ لائف انشورنس کی شکل میں اضافی فائدہ اس کے علاوہ ہے۔

انڈومنٹ پلان کیا ہے؟

انڈومنٹ پلان اس لحاظ سے ایک منفرد سیونگ اور پروٹیکشن اسکیم ہے کہ پالیسی ہولڈر مستقبل میں اپنی متوقع ضروریات کے لیے مقررہ وقت پر ایک مخصوص رقم حاصل کر سکتا ہے۔ انڈومنٹ پلان ایسے افراد کے لیے بہترین ہے جو اپنے مستقبل پر نظر رکھتے ہوں اور آنے والے وقت کی ضروریات بروقت انداز میں پوری کرنا چاہتے ہوں۔

یہ پلان کس کے لیے موزوں ہے؟

یہ پلان انٹرپرینیور، بزنس مین، وکلاء، ڈاکٹر، انجینئر، سروسز فراہم کرنے والے افراد اور اساتذہ کے لیے بہترین تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انڈومنٹ پلان نئے شادی شدہ جوڑوں اور محدود آمدن رکھنے والے مڈل کلاس افراد کے لیے موزوں ہے۔

یہ پلان کس طرح کی ضرورت پوری کرتا ہے؟

آپ اور آپ کی فیملی کے مستقبل کی ضروریات کے مطابق انڈومنٹ پلان کو مندرجہ ذیل کاموں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے:

- ریٹائرمنٹ کے بعد ذریعہ آمدن بنانا
- کاروبار کا آغاز یا توسیع کرنا
- بچوں کی تعلیم اور شادی
- زمین کی خریداری یا مکان کی تعمیر
- قرض کی ادائیگی وغیرہ

انڈومنٹ پلان کے فوائد کیا ہیں؟

- پلان کے تحت میچورٹی یا بیمہ شدہ فرد کی موت پر یکمشت رقم حاصل ہوتی ہے
- انڈومنٹ پلان بامنافع پلان ہے۔ بیمہ شدہ رقم اور پالیسی کی شرائط پالیسی ہولڈر کی مستقبل کی ضروریات اور پریمیئم ادا کرنے کی گنجائش کی بنیاد پر متعین کی جاتی ہیں۔

میچورٹی بینیفٹس

پالیسی کی مدت مکمل ہونے پر اسٹیٹ لائف کی جانب سے بیمہ شدہ رقم اور اس پر حاصل ہونے والے بونس ادا کیے جاتے ہیں۔ اس رقم سے نہ صرف پالیسی ہولڈر مالی مستقبل سے بےفکر ہو جاتا ہے بلکہ ان کے پیاروں کا مستقبل بھی محفوظ ہو جاتا ہے۔

موت کی صورت میں بینیفٹس

پالیسی کی مدت کے دوران پالیسی ہولڈر کی (خدانخواستہ) موت کی صورت میں اسٹیٹ لائف بیمہ شدہ رقم اور اس عرصے تک حاصل ہونے والے بونس ادا کرتی ہے۔ یہ یکمشت ادائیگی پالیسی ہولڈرز کے ورثاء کے مالی تحفظ یقینی بناتی ہے۔

پالیسی میں کون سے رائیڈر شامل کیے جا سکتے ہیں؟

انڈومنٹ پلان میں مندرجہ ذیل ذیلی پلان شامل کر کے اسے مزید موثر اور مفید بنایا جا سکتا ہے:

۔ فیملی انکم بینیفٹ (FIB)

معمولی سا اضافی پریمیئم ادا کر کے آپ اس پلان میں فیملی انکم بینیفٹ شامل کر سکتے ہیں۔ اگر بیمہ شدہ فرد پر یہ کنٹریکٹ موثر ہوا تو FIB کنٹریکٹ کے موثر ہونے کے دوران پالیسی ہولڈر کی موت کی صورت میں اس کے ورثاء کو بنیادی بیمہ شدہ رقم کے علاوہ بیمہ شدہ رقم کے کم از کم 10% اور زیادہ سے زیادہ 50% بطور سالانہ فیملی انکم بینیفٹ ادا کیا جائے گا اور یہ ادائیگی FIB کنٹریکٹ کی مدت ختم ہونے تک کی جائے گی۔

۔ ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ (ADB)

یہ ذیلی کنٹریکٹ جاری ہونے کی صورت میں پالیسی کی مدت کے دوران پالیسی ہولڈر کی موت کی صورت میں بنیادی بیمہ شدہ رقم کے مساوی اضافی رقم واجب الادا ہو گی۔

۔ ایکسڈنٹل ڈیتھ اور انڈیمنٹی بینیفٹ (AIB)

یہ ذیلی کنٹریکٹ جاری ہونے کی صورت میں حادثاتی نقصان پر پالیسی ہولڈر مندرجہ ذیل بینیفٹس کا حقدار ہو گا:

حادثاتی موت	بیمہ شدہ رقم
کلائی یا ٹخنے تک یا اس سے اوپر دو یا زائد اعضاء کٹ جانا	بیمہ شدہ رقم
دونوں آنکھوں سے بینائی مکمل اور ناقابلِ بحالی کی حد تک ختم ہو جانا	بیمہ شدہ رقم
ایک آنکھ کی بینائی مکمل اور ناقابلِ بحالی کی حد تک ختم ہو جانا اور کلائی یا ٹخنے سے یا اس سے اوپر ایک عضو کٹ جانا	بیمہ شدہ رقم
کلائی یا ٹخنے کے جوڑ پر یا اس سے اوپر ایک عضو کٹ جانا	بیمہ شدہ رقم کا نصف
ایک آنکھ کی بینائی مکمل طور پر اور ناقابلِ بحالی کی حد تک ختم ہوجانا	بیمہ شدہ رقم کا نصف
کسی بھی ہاتھ کے انگوٹھے یا پہلی انگلی کا میٹا کاربوفیٹنجل جوڑ پر یا اس کے اوپر سے کٹ جانا	بیمہ شدہ رقم کا چوتھائی
دیگر چوٹوں یا مکمل معذوری کے لیے	ہفتہ وار اینڈیمنٹی (بیمہ شدہ رقم کے ہر ایک ہزار روپے پر 5 روپے)
جزوی معذوری کے لیے	ہفتہ وار اینڈیمنٹی کا ایک چوتھائی (بیمہ شدہ رقم کے ہر ایک ہزار روپے پر 1.25 روپے)
مستقل اور مکمل معذوری کے لیے	بیمہ شدہ رقم کا 10 فیصد زیادہ سے زیادہ 10 سال تک ادا کرنا اور مستقبل کے پریمیئم کی چھوٹ

۔ ٹرم انشورنس

معمولی سا اضافی پریمیئم ادا کر کے آپ اس پلان میں انشورنس کنٹریکٹ شامل کر سکتے ہیں۔ یہ ذیلی کنٹریکٹ موثر ہوا تو ٹرم کی مدت کے دوران موت کی صورت میں بنیادی بیمہ شدہ رقم کے علاوہ مساوی رقم واجب الادا ہو گی۔

۔ پریمیئم کی چھوٹ (WP)

اگر پالیسی ہولڈر پالیسی کی مدت کے دوران مکمل اور مستقل طور پر معذوری کا شکار ہو جائے تو اس ذیلی کنٹریکٹ کے تحت مستقبل میں اس پر واجب الادا تمام پریمیئم معاف کر دئیے جاتے ہیں (بشرطیکہ پالیسی ہولڈر اس معذوری کے باعث مستقل بنیادوں پر اپنا کاروبارِ زندگی نہ چلا پائے اور اس کی آمدنی متاثر ہو)۔

کیا اس پالیسی پر کوئی بونس بھی ہو گا؟

اسٹیٹ لائف کی طرف سے ہر سال بونس کا اجراء کیا جاتا ہے۔ ان میں سے سرپلس کا 97.5 فیصد حصہ تمام منافع بخش پالیسیوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ آج تک کے تمام اعدادوشمار بونس کی شرح میں مسلسل اضافے کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں منافع بخش پلان کی ویلیو میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے۔

کیا اس پلان سے لون لیا جاتا ہے؟

اس پلان کے تحت پالیسی کے دو سال مکمل ہونے پر پالیسی ہولڈر پالیسی کی ویلیو کا 80% فیصد تک بطور قرض حاصل کر سکتا ہے۔

نوٹ : مزید تفصیلات اور پالیسی کی مراعات اور شرائط کی وضاحت کے لیے برائے مہربانی ہمارے عملے یا قریبی اسٹیٹ لائف آفس سے رابطہ کریں ۔

ڈس کلیمر

یہ پراڈکٹ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے اصول و ضوابط کے تحت ہے اور بینک الفلاح یا اس سے ملحقہ اداروں کی جانب سے اس پر کوئی گارنٹی یا انشورنس شامل نہیں اور نہ ہی یہ بینک الفلاح کی پراڈکٹ ہے۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی گزشتہ کارکردگی اس کی آنے والی کارکردگی کی ضمانت نہیں ۔ اس حوالے سے کی گئی کوئی بھی پیشگوئی مستقبل کی کارکردگی، فنڈز کی کارکردگی کی عکاسی نہیں کرتی ہے اور نہ ہی اس حوالے سے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اور بینک الفلاح پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

ہمارا عملہ آپ کو بینیفٹس کے تفصیل تصویری شکل میں فراہم کرے گا۔ پلان کے حوالے سے شرائط و ضوابط کی مزید معلومات جاننے کے لیے ان تصاویر میں دئیے گئے نوٹس سے رجوع کریں۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ بینک کے ’شیڈول آف بینک چارجز‘ اور متعلقہ اداروں کے ٹیکسشن قوانین کے مطابق ٹیکس لاگو ہوں گے۔
کنٹریکٹ کا طریقہ کار پالیسی کی شرائط و ضوابط اور تفصیلا ت میں دیا گیا ہے۔ یہ بروشر پراڈکٹ کے حوالے سے نمایاں خصوصیات اور فوائد کے بارے میں عمومی معلومات کے لیے ہے ۔ بروشر میں دی گئی اشکال صرف حوالے کے لیے ہیں۔

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
بینکاشورنس سیل، گراؤنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3،
ڈاکٹر ضیا الدین احمد روڈ، کراچی
فون: 2-4111 9920-021 فیکس: 4113 9920-021

111 225 111
bankalfalah.com